بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مصباح المصادر

## شرح

# تسہیل المصادر

مصنف
فقیہ اعظم ہند
حضرت علامہ مولانا مفتی عبد الرشید صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف

☆☆☆ناشر☆☆☆
رضا ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ)
نزد گاندھی اسکول اجالا نگر، بریلی روڈ ہلدوانی ضلع نینی تال (اتراکھنڈ)

نام کتاب : مصباح المصادر شرح تسھیل المصادر
مصنف : فقیہ اعظم ہند حضرت مفتی عبد الرشید خاں فتح پوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مترجم : محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
صفحات : 80
نظر ثانی : حضرت علامہ مولانا تابش مصباحی صاحب رام پور۔
کمپوزنگ : طلبۂ جامعہ قادریہ مجیدیہ بشیر العلوم، بھوج پور، مراد آباد
**ناشر** رضا ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ)
نزد گاندھی اسکول اجالا نگر، بریلی روڈ ہلدوانی ضلع نینی تال (اتراکھنڈ)
رابطہ نمبر : +918057889427

**ملنے کے پتے**

- قادری کتاب گھر اسلامیہ مارکیٹ، بریلی شریف
- حق اکیڈمی مبارک پور، اعظم گڑھ
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- مکتبہ حافظ ملت، مبارک پور اعظم گڑھ

# فہرست

# تعارف مصنف

## حضرت فقیہ اعظم ہند الشاہ الحاج
## مفتی محمد عبدالرشید خان فتح پوری صاحب قبلہ رحمۃ اللہ تعالی علیہ

**ولادت:** حضرت علامہ مفتی محمد عبدالرشید خاں علیہ الرحمۃ ۱۳۲۳ھ مطابق ۱۹۰۵ء محلہ زیدون فتح پور ہسوہ میں پیدا ہوئے، والد ماجد کا اسم گرامی منشی داد خاں ہے۔
دیندار، علم دوست اور علماء کے معتقد شخص تھے والدہ ماجدہ احمدی بیگم بنت علی شیر خاں بھی بہت نیک پرہیزگار اور نفاست پسند خاتون تھی تعلیم۔

**تعلیم** :ابتدائی تعلیم فتحپور میں ہوئی بچپن ہی سے نہایت ذہین اور طباع تھے اوائل عمر سے ہی نماز کے پابند تھے لہو و لعب سے ہمیشہ دور رہے ابتدائی تعلیم کے بعد کچھ دنوں تک مولانا قطب الدین برہم چاری سے پڑھا مگر وہ اپنی اسفار اور تقریر و مناظرہ کے سلسلے میں دوروں کے سبب پوری طرح توجہ نہ دے پاتے (مولانا برہمچاری ایک مشہور مبلغ تھے آریوں سے بکثرت مناظرے کئے) مفتی صاحب کے بڑے بھائی مولانا عبدالعزیز خاں فتحپوری ان دنوں مدرسہ اہلسنت (جامعہ نعیمیہ) مرادآباد میں زیر تعلیم تھے انھیں بھی وہاں جاکر تکمیل کا شوق ہوا اور والدین بڑے بھائی کے ساتھ بھیجنے پر راضی ہو گئے ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۹۲۰ء میں وہاں داخلہ لیا اور ۲۵/ شعبان ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۹۲۵ء کو آپ کی دستار بندی ہوئی۔
اجمیر شریف میں آپنے قراءت سبعہ کی تکمیل کی فن خطاطی میں بھی نمایاں مقام رکھتے تھے تیزی اور روانی میں لکھی ہوئی تحریریں بھی خوش خطی کا قیمتی نمونہ ہوتیں۔

**بیعت وخلافت:** ۱۳۴۲ھ / ۱۹۲۴ء میں شیخ المشائخ حضرت سید شاہ علی حسین کچھوچھوی اشرفی میاں علیہ الرحمۃ کے دست پاک پر بیعت ہوئے۔ بعد میں حضرت نے سلسلہ اشرفیہ میں خلافت بھی عطا فرمائی۔ اور بھی کئی مشہور مشائخ زمانہ سے دیگر سلاسلِ طریقت کی اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے۔

**خلفاء:** اگرچہ آپ مرید کرنے میں بڑی احتیاط فرماتے۔ لیکن اگر کوئی نیاز مند بہت زیادہ اصرار کرتا تو آپ سلسلہ میں داخل کر لیا کرتے تھے۔ اس احتیاط کے باوجود آپ کے

مریدین کی تعداد کئی ہزار ہے۔ اسی طرح خلافت دینے میں بھی احتیاط فرماتے تھے۔ چند خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہیں: (۱) حضرت مولانا شاہ بدیل احمد خاں حسن پور ضلع مراد آباد (۲) حضرت مولانا سید شاہ علی احمد کانپوری (۳) جناب حافظ صوفی ضمیر اللہ صاحب ناگ پوری (۴) صاحبزادہ مولانا شاہ محمد عبدالقدیر خاں متولی جامعہ عربیہ ناگپور، ان حضرات کے علاوہ بھی چند خلفاء ہیں جن میں سے بعض بیرون ہند مختلف ممالک میں دینی و روحانی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

**تدریسی خدمات** : حضرت کو اشاعت علم دین سے فطری دل چسپی اور طبعی مناسبت تھی۔ مرادآباد ہی میں آپ نے تدریسی خدمات انجام دینا شروع کردی تھی۔ بعد میں حضرت صدرالافاضل حضرت مولانا نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ بانی جامعہ نعیمیہ کے حکم پر آگرہ، راولپنڈی کوہ مری، دھوراجی کاٹھیاواڑ اور کچھوچھہ شریف وغیرہ میں تدریسی خدمات انجام دیں۔

**قیام جامعہ عربیہ اسلامیہ ناگپور** : علم دین کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر حضرت ایک مضبوط اور مستحکم مرکز کے قیام پر غور فرمایا کرتے تھے آپ کی نظرِ انتخاب وسطِ ہند کے صوبہ سی پی و برار (موجودہ صوبہ مہاراشٹر) کے دارالحکومت ناگ پور پر مرکوز ہوئی۔ اس زمانے میں پورے صوبہ خصوصا ناگ پور شہر میں جہاں بڑی تعداد میں مسلمان آباد تھے کوئی دینی درس گاہ نہیں تھی۔ اس طرح یہ علاقہ دین کی روشنی سے محروم تھا۔

مقامی مسلمانوں کی اکثریت ہندوانہ رسم رواج میں ملوث جہالت اور گمراہی کا شکار تھی۔ چنانچہ آپ نے اس علاقہ کا انتخاب فرما کر دینی بصیرت کا ثبوت دیا۔ ۲۷/ ذی قعدہ ۱۳۵۸ھ مطابق ۹/ جنوری ۱۹۴۰ء میں محلہ نعل صاحب ناگ پور میں ایک دینی مدرسہ "جامعہ عربیہ اسلامیہ" کی بنیاد رکھی۔ آپ کا مقصد محض ابتدائی تعلیم نہ تھا۔ بلکہ تدریجاً ایک ایسا ادارہ قائم کرنا تھا جس میں جملہ دینی علوم وفنون کی اعلی تعلیم دی جاسکے۔ اس ادارے کے قیام کے سلسلے میں آپ کو جن صبر آزما حالات کا مقابلہ کرنا پڑا ہے ان سے صرف وہی حضرات واقف ہیں جنھوں نے اس ابتدائی زمانے کو دیکھا ہے یا وہ جانتے ہیں جو شریک سفر و ہم رکاب رہے۔

اسی ادارہ میں ایک سال حافظ ملت علامہ شاہ عبد العزیز مرادآبادی علیہ الرحمہ نے بھی تعلیم دی۔ اسی زمانے میں علامہ حافظ عبد الرؤف بلیاوی، مفتی ظفر علی نعمانی، علامہ ارشد القادری وغیرہ جامعہ اشرفیہ مبارک پور سے ناگ پور جاکر وہاں زیر تعلیم تھے۔

**معاوضہ خدمت:** دیگر اداروں میں تو آپ نے بامعاوضہ خدمت انجام دی مگر جامعہ عربیہ قائم فرمانے کے بعد اپنا سارا وقت ادارے کے لیے وقف کر دیا اور ادارے کا ایک پیسہ بھی اپنی ذات پر خرچ کرنا گوارا نہ فرمایا۔ ارکانِ جامعہ نے کئی بار یہ کوشش کی حضرت گزر اوقات کے لیے ماہانہ کچھ رقم لینا منظور فرمالیں مگر آپ نے منظور نہ کیا۔ اپنے مصارف پورے کرنے کے لیے آپ نے ایک کتب خانہ "مکتبہ لطیفیہ" کے نام سے قائم فرمایا۔

اس مکتبہ میں دینی اور مروجہ نصابی کتب کے علاوہ مختلف اشیا فروخت ہوتی تھیں اور ان کی آمدنی سے گھر کا خرچ پورا کیا جاتا تھا۔

**حلیہ مبارکہ:** سرو قد، گورا رنگ، بیضوی نوارنی چہرہ، قدرے گھنی سفید داڑھی کشادہ بلند پیشانی، سفید موتی کی طرح چمکتے دانت، سر پر غوشیہ ٹوپی، ململ کا لمبا کرتا، سفید شرعی پاجامہ، علی گڑھ کٹ شیروانی، پست سریلی مگر گرجتی آواز، ہاتھ میں سنت نبوی کے اتباع میں ایک چھڑی اور پاؤں میں ہلکا پھلکا سلیم شاہی جوتا۔

**عادات و اخلاق:** آپ کی زندگی سلفِ صالحین کا عملی نمونہ تھی۔ آپ کی طبیعت میں تواضع اور انکسار بے حد تھا۔ رات میں عموماً ۱۲ بجے تک جامعہ کے دارالافتاء میں فتاوی اور خطوط کے جوابات تحریر فرماتے لیکن حسب معمول تہجد کے وقت بیدار ہو کر تہجد کی نماز ادا کرتے اور طلبہ کو نماز فجر کے لیے بیدار کرتے، ہمیشہ سامنے کی طرف دیکھتے ہوئے چلتے، سلام کا جواب مسکرا کر دیتے، ذاتی نقصان یا مخالف کی توہین پر کبھی غصہ نہ آتا، البتہ خلاف شرع باتوں پر آپ کا چہرہ سرخ ہو جاتا اور غصہ کا اظہار فرماتے۔

**عبادات اور اوراد و وظائف:** آپ کی پوری زندگی اتباع رسول میں گزری، صوم صلوت کو حرز جاں سمجھتے اور بیماری کی حالت میں نماز باجماعت قضا نہ کرتے۔ نماز انتہائی خشوع و خضوع سے ادا فرماتے، خواہ کتنی ہی عجلت میں ہوں مگر نماز کے ارکان ادا کرنے میں

کسی قسم کی عجلت نہ فرماتے، تہجد و اشراق کی نماز پابندی سے پڑھتے تھے، فجر اور عصر کی نماز کے بعد اوراد و وظائف پڑھتے۔

**حج بیت اللہ شریف:** آپ نے دو حج کیے پہلا حج ۱۳۶۷ھ ۱۹۴۸ء میں کیا۔ اس مبارک سفر میں آپ کی والدہ ماجدہ اور خالہ صاحبہ جو آپ کی خوش دامن بھی تھیں آپ کے ہمراہ تھیں۔ دوسرا حج ۱۳۸۸ھ ۱۹۶۸ء میں کیا۔ اس طرح آپ دو بار زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے۔

**افتا و تصنیف:** حضرت فقیہ اعظم کو درس و تدریس سے بے حد دلچسپی تھی، ابتدا ہی سے عموماً آپ کا وقت اسی پر صرف ہوتا تھا۔ قیام جامعہ کے بعد تدریسی خدمات کے علاوہ انتظامی معاملات کی بھی ذمہ داری آگئی جس کی بنا پر آپ کی مصروفیات از حد بڑھ گئیں، افتا کا اہم کام حضرت کو خود ہی انجام دینا پڑتا تھا کیوں کہ عوام و خواص آپ ہی کے فتووں پر اعتماد کرتے تھے۔ مزید تحریر و تصنیف کا کام آپ کے لیے سخت دشوار تھا۔ پھر بھی آپ نے ناظرہ کی درستی کے لیے ایک بنیادی کتاب تسہیل القرآن لکھی جو بہت مفید ہے۔ دوسری کتاب تسہیل المصادر ہے جس میں آمد نامہ (مرتبہ: محمد مصطفیٰ خاں برادر صاحب مطبع نظامی عبد الرحمٰن خاں ابن محمد روشن خاں) کے ساتھ بنیادی قواعد اور اردو صیغوں کو فارسی، فارسی صیغوں کو اردو بنانے کی مشقوں کا اضافہ ہے۔ آمد نامہ میں ہر مصدر کے ساتھ فعل ماضی بھی درج تھا، اس میں کم کر دیا ہے۔ اور بعض مصادر بھی کم کیے ہیں۔ حاصل مصدر اور طریق تعدیہ آمد نامہ میں مصدر کے بعد درج تھے اس میں، اسم مفعول کے بعد کر دیا ہے۔ قواعد کی تفہیم اور تمرین کے ذریعے اردو، فارسی صیغوں کی مہارت پیدا کرنے میں یہ کتاب لاجواب ہے اسی لیے بیشتر مدارس میں داخل نصاب ہے۔

**کتبات:** یہ فقہی مسائل پر مشتمل ۲۱؍ کتبات کا مکمل سیٹ ہے۔ جو روز مرہ کی زندگی کے ضروری مسائل حل کرنے میں بہت معاون ثابت ہوئے، جامعہ کا شعبۂ نشر و اشاعت تقریباً ہر روز ملک اور بیرون ممالک میں مفت روانہ کرتا تھا۔

**وصال:** کثرت کار کی وجہ سے آپ ک صحت پر ناگوار اثر پڑا اور کمزوری میں برابر

اضافہ ہوتا رہا۔ اسی کمزوری نے آہستہ آہستہ مرض الموت کی شکل اختیار کرلی۔ حضرت کی عادت تھی کہ بیمار ہونے کے باوجود اپنے معمولات میں کمی نہ آنے دیتے ۹ / ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ / ۲۴ / دسمبر ۱۹۷۵ء کو حسبِ معمول آپ اپنے فرائض انجام دینے اور ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد کھانا کھاکر قیلولہ کے لیے لیٹ گئے۔ ۵ / بجے عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد اسی جانماز پر تسبیح لے کر وظیفہ میں مشغول ہوگئے، حکم الٰہی آپہنچا اور رشد و ہدایت کا یہ خورشید تاباں جو ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء میں طلوع ہوا تھا کاروان حیات کی ۷۲ منزلیں طے کرنے کے بعد ۹/ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ / ۲۴ / دسمبر ۱۹۷۵ء میں غروب ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

**اولاد:** آپ نے چار صاحب زادے، دو صاحبزادیاں چھوڑیں۔ صاحبزادگان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

(۱)۔ **مولانا محمد عبد المتین خاں خطیب**، ان کی مکمل تعلیم و تربیت حضرت ہی کی زیر نگرانی ہوئی، آپ نے کراچی میں ''جامعہ رشیدیہ اسلامیہ'' کے نام سے ایک مدرسہ قائم فرمایا اور وہیں علمی و تبلیغی کاموں میں مصروف رہے (۲) **صوفی محمد عبد اللطیف خاں**۔ ان پر اوائل عمر ہی سے جذب طاری رہتا اور اولیاے کرام کے مزارات پر فروکش رہا کرتے (۳) **مولانا محمد عبد العلیم خاں**۔ انہوں نے حضرت کی نگرانی میں درس نظامی اور قراءت کی تعلیم حاصل کی، اور حضرت کے بعد آپ کے جانشین ہوئے (۴) **مولانا مفتی محمد عبد القدیر خاں** آپ حضرت کے سب سے چھوٹے صاحبزادے ہیں۔ جامعہ عربیہ میں درس نظامی اور علم تجوید کی تکمیل کے بعد ناگ پور یونیورسٹی سے بی، اے کی ڈگری حاصل کی حضرت کے وصال کے بعد جامعہ کی مجلس عاملہ نے آپ کو جامعہ کا متولی منتخب فرمالیا۔ صاحبزادیوں کے اسما یہ ہیں۔ (۱)۔ **محترمہ طاہرہ خاتون صاحبہ**، یہ مولانا حسنین رضا خاں بریلوی کے صاحبزادے مولانا حکیم سبطین رضا خاں سے منسوب ہیں (۲) **محترمہ شاہدہ خاتون** یہ جناب حاجی عبد المعبود خاں زمیندار و رئیس اعظم گتنی کے صاحبزادے جناب جان عالم خاں صاحب سے منسوب ہیں۔

# اصطلاحات

**صیغہ:** لفظ کو کہتے ہیں۔
**فاعل:** کام کرنے والے کو۔
**واحد:** ایک کو۔
**مفعول:** جس پر فعل واقع ہو۔
**جمع:** ایک سے زیادہ کو۔
**لازم:** وہ ہے جو فاعل پر پورا ہو جائے۔ جیسے زید گیا۔
**غائب:** جو سامنے موجود نہ ہو۔
**متعدّی:** وہ ہے جو فاعل اور مفعول دونوں سے مل کر پورا ہو۔ جیسے زید نے بکر کو دیا۔
**حاضر:** جو سامنے موجود ہو۔
**معروف:** وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو جیسے زید نے پالا۔

**متکلّم:** بات کرنے والا۔
**مجہول:** وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو. جیسے زید پالا گیا۔
**زمانہ:** وقت کو کہتے ہیں زمانہ کی تین قسمیں ہیں۔
**مثبت:** وہ ہے جس سے ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے کھایا۔
**منفی:** وہ ہے جس سے نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے۔ جیسے نہیں کھایا
**ماضی:** گزرا ہوا زمانہ۔
**حال:** موجودہ زمانہ
**مستقبل:** آنے والا زمانہ۔
**فعل:** کام کو کہتے ہیں (جس سے زمانہ ظاہر ہو)

# سبق (۱) مصدر کا بیان

**مصدر:** وہ اسم ہے جس سے دوسرے لفظ بنیں۔ فارسی میں مصدر کے آگے دن یا تن ہوتا ہے جیسے پروردن (پالنا) گفتن (کہنا)

## سوالات وجوابات

| جواب | سوال | شمار |
|---|---|---|
| **جواب:(۱)۔** گردن مصدر نہیں اس لیے کہ وہ اردو کا لفظ ہے۔<br>**جواب (۲)** گردن مصدر نہیں اس لیے کہ مصدر کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں ایک یہ کہ اس سے دوسرے لفظ بنیں دوسرے یہ کہ اس کے آخر میں دن یا تن موجود ہو، گردن کے آخر میں "دن" تو موجود ہے لیکن اس سے دوسرے لفظ نہیں بنتے یعنی اُس کی گردان نہیں آتی، اس لیے گردن مصدر نہیں۔ | **سوال:** گردن مصدر ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں؟ حالانکہ آخر میں مصدر کی علامت دَن موجود ہے۔ | 1 |
| **جواب** گفت۔ گفتند۔ گفتی۔ گفتید۔ گفتم۔ گفتیم۔ | **سوال:** گفت میں تمام صیغوں کی علامتیں ملاؤ۔ | 2 |
| **جواب:** واحد متکلّم۔ | **سوال:** خوردَم کیا صیغہ ہے۔ | 3 |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | **سوال:** جمع حاضر کی علامت بتاؤ۔ | **جواب:** ید۔ |
| 5 | **سوال** :گفت سے جمع متکلّم کا صیغہ بناؤ۔ | **جواب** :گفتیم۔ |
| 6 | **سوال:** خوردند کیا صیغہ ہے۔ | **جواب** :جمع غائب کا۔ |
| 7 | **سوال:** گوید میں کون سے علامت ہے۔ | **جواب** : د |

# سبق (۲) فعل ماضِی کا بیان

فعل ماضِی کی چھ قسمیں ہیں:

(۱) ماضِی مطلق (۲) ماضِی قریب (۳) ماضِی بعید (۴) ماضِی استمراری (۵) ماضِی احتمالی (۶) ماضِی تمنائی۔

**ماضِی مطلق:** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔

## سوالات و جوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** ماضِی مطلق کی تعریف کرو۔ | **جواب:** ماضِی مطلق وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا |

| | | |
|---|---|---|
| | | جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔ |
| 2 | **سوال:** ماضی مطلق بنانے کا قاعدہ بتاؤ؟ | **جواب:** مصدر کے آخر سے "ن" اور اس سے پہلے زبر کو گرا کر ماضی مطلق بناتے ہیں **مثال**. جیسے پروردن سے پرورد۔ |
| 3 | **سوال:** پروردید کا ترجمہ کرو؟ | **جواب:** تم نے پالا۔ |
| 4 | **سوال:** گفت سے جمع متکلّم کا صیغہ بناؤ۔ | **جواب:** گفتیم۔ |
| 5 | **سوال:** خُورِدي کیا صیغہ ہے۔ | **جواب:** واحد حاضر |
| 6 | **سوال:** جمع غائب کی علامت بیان کرو۔ | **جواب:** ند |
| 7 | **سوال:** پرورد سے واحد متکلّم کا صیغہ کیا ہوگا۔ | **جواب:** پروردم |
| 8 | **سوال:** جمع حاضر کی پہچان کیا ہے۔ | **جواب:** ید |

## اردو میں ترجمہ کرو

| شمار | فارسی | اردو | شمار | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | گفتم | میں نے کہا | 7 | خوردی | تونے کھایا |
| 2 | شَنیدی | تونے سنا | 8 | نوشیدم | میں نے پیا |
| 3 | خُوردند | انھوں نے کھایا | 9 | گفتند | انھوں نے کہا |
| 4 | نوشیدید | تم نے پیا | 10 | شَنیدید | تم نے سنا |
| 5 | نوشت | اس نے لکھا | 11 | نوشتیم | ہم نے لکھا |
| 6 | خواندیم | ہم نے پڑھا | 12 | خواند | اس نے پڑھا |

## فارسی بناؤ

| شمار | اردو | فارسی | شمار | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اس نے لکھا | نوشت | 7 | انھوں نے کہا | گفتند |
| 2 | میں نے پڑھا | خواندم | 8 | میں نے لکھا | نوشتم |
| 3 | تم نے کھایا | خوردید | 9 | تم نے پڑھا | خواندید |
| 4 | انھوں نے پیا | نوشیدند | 10 | اس نے پیا | نوشید |
| 5 | ہم نے سنا | شَنیدیم | 11 | تونے کھایا | خوردی |
| 6 | تونے پالا | پروردی | 12 | ہم نے کہا | گفتیم |

# سبق (۳) ماضی مجہول کا بیان

**ماضی مجہول:** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے لیکن کرنے والا (فاعل) معلوم نہ ہو۔

# سوالات و جوابات

| جواب | سوال | شمار |
|---|---|---|
| **جواب:** ماضی معروف وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو جیسے زید نے پالا۔ اور مجہول وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے زید پالا گیا۔ یا ماضی معروف میں فاعل معلوم ہوتا ہے جبکہ ماضی مجہول میں معلوم نہیں ہوتا۔ | **سوال:** ماضی معروف اور مجہول میں کیا فرق ہے؟ | 1 |
| **جواب:** ماضی معروف کے آخر میں "ہ شد" بڑھا کر ماضی مجہول بناتے ہیں جیسے پرورد سے پرورده شد۔ | **سوال:** ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ کیا ہے؟ | 2 |
| **جواب:** گفتہ شد۔ گفتہ شدند۔ گفتہ شدی۔ گفتہ شدید۔ گفتہ شدم۔ گفتہ شدیم۔ | **سوال:** گفت سے ماضی مجہول کی گردان کرو۔ | 3 |
| **جواب:** جمع حاضر۔ | **سوال:** نوشتہ شدید کیا صیغہ ہے؟ | 4 |
| **جواب:** پرورده شدیم۔ | **سوال:** ہم پالے گئے۔ اس کی فارسی بناؤ۔ | 5 |

| 6 | **سوال:** گفتہ شدید کا ترجمہ کرو۔ | **جواب:** تم کہے گئے۔ |
|---|---|---|
| 7 | **سوال:** میں نے لکھا اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب:** نوشتم۔ |
| 8 | **سوال:** خوردہ شد کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔ | **جواب:** صیغہ: واحد غائب، معنی: وہ کھایا گیا۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| شمار | فارسی | اردو | شمار | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آراستہ شدی | تو سنوارا گیا | 7 | پسندیدم | میں نے پسند کیا |
| 2 | بخشیدہ شدم | میں بخشا گیا | 8 | دادہ شدی | تو دیا گیا |
| 3 | پسندیدہ شدید | تم پسند کیے گیے | 9 | نواختند | انھوں نے نوازا |
| 4 | نواختہ شدند | وہ نوازے گیے | 10 | آراستہ شدیم | ہم سنوارے گئے |
| 5 | ستودہ شد | وہ تعریف کیا گیا | 11 | ستودہ شدم | میں تعریف کیا گیا |
| 6 | دادہ شدیم | ہم دئے گئے | 12 | بخشیدید | تم نے بخشا |

## فارسی میں ترجمہ کرو

| شمار | اردو | فارسی | شمار | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | میں نے دیا | دادم | 7 | تم نے لکھا | نوشتید |
| 2 | وہ پسند کیا گیا | پسندیدہ شد | 8 | وہ تعریف کیے گئے | ستودہ شدند |

| 3 | تم نے تعریف کی | ستودید | 9 | ہم نے کہا | گفتیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | ہم بخشے گئے | بخشیدہ شدیم | 10 | تو بخشا گیا | بخشیدہ شدی |
| 5 | تو نے سنوارا | آراستی | 11 | اس نے پسند کیا | پسندید |
| 6 | وہ نوازے گئے | نواختہ شدند | 12 | میں دیا گیا | دادہ شدم |

# سبق (۴) ماضی منفی کا بیان

**ماضی منفی:** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے جیسے نہیں کھایا۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** منفی کی تعریف کرو؟ | **جواب:** منفی وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے۔ |
| 2 | **سوال:** منفی بنانے کا قاعدہ بیان کرو ۔ | **جواب:** مثبت کو اگر منفی بنانا ہو تو شروع میں "ن" بڑھا دیا جائے جیسے پرورد سے نپرورد۔ |
| 3 | **سوال:** ندادہ شدم کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ؟ | **جواب:** صیغہ واحد متکلّم معنی: میں نہیں دیا گیا۔ |
| 4 | **سوال:** تم پسند نہیں کیے گئے۔ اس کی فارسی بناؤ؟ | **جواب:** نپسندیدہ شدید: |
| 5 | **سوال:** نہ شنیدم کیا صیغہ ہے۔؟ | **جواب:** واحد متکلّم |
| 6 | **سوال:** مثبت اور منفی میں کیا فرق | **جواب۔ مثبت:** وہ فعل ہے جس سے کسی |

| | | |
|---|---|---|
| | ہے؟ | کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے کھایا، اور **منفی:** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے جیسے نہیں کھایا۔ یا مثبت سے کسی کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جاتا ہے جبکہ منفی سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جاتا ہے۔ |
| 7 | **سوال:** پسندید سے ماضی منفی مجہول کی گردان کرو۔ | **جواب:** نپسندیدہ شد۔ نپسندیدہ شدند۔ نپسندیدہ شدی۔ نپسندیدہ شدید۔ نپسندیدہ شدم۔ نپسندیدہ شدیم۔ |
| 8 | **سوال:** گفت سے ماضی منفی معروف کی گردان سناؤ۔؟ | **جواب:** نگفت۔ نگفتند۔ نگفتی۔ نگفتید۔ نگفتم نگفتیم۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| آوردہ شدند | وہ لائے گئے | نشنیدیم | ہم نے نہیں سنا |
| آمرزیدہ شدید | تم بخشے گئے | آوردہ شد | وہ لایا گیا |
| نپاشیدہ شد | وہ نہیں چھڑکا گیا | نستودہ شدم | میں تعریف نہیں کیا گیا |
| پیوستم | میں نے ملایا | برداشتند | انھوں نے اٹھایا |
| نبارید | وہ نہیں برسا | نگفتی | تو نے نہیں کہا |
| برداشتہ شدی | تو اٹھایا گیا | دادہ شدید | تم دیے گئے |

## فارسی بناؤ

| شمار | اردو | فارسی | شمار | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | میں نے نہیں چھڑکا | نپاشیدم | 7 | تو نے بخشا | بخشیدی |
| 2 | انہوں نے ملایا | پیوستند | 8 | ہم نے کہا | گفتیم |
| 3 | تم اٹھائے گئے | برداشتہ شدید | 9 | اس نے سنا | شنید |
| 4 | وہ نہیں دیا گیا | نداده شد | 10 | تم نے نہیں کھایا | نخوردید |
| 5 | ہم لائے | آوردیم | 11 | میں نے تعریف کی | ستودم |
| 6 | انہوں نے نہیں پیا | ننوشیدند | 12 | وہ نہیں پسند کیے گئے | نپسندیده شدند |

# سبق (۵) ماضِی قریب کا بیان

**ماضِی قریب:** وہ فعل ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے جیسے: پرورده است: اس نے پالا ہے۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال** : ماضِی مطلق اور ماضِی قریب میں کیا فرق ہے؟ | **جواب:** ماضِی مطلق وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔ **ماضِی قریب** وہ فعل ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | | یا ماضی مطلق میں زمانہ معلوم نہیں ہوتا ہے جبکہ ماضی قریب میں زمانہ معلوم ہوتا ہے۔ |
| 2 | **سوال** :ماضی قریب بنانے کا کیا قاعدہ ہے؟ | **جواب**:ماضی مطلق کے آخر میں "**ہ است**" زیادہ کرکے ماضی قریب بناتے ہیں جیسے پرورد سے پرورده است۔ |
| 3 | **سوال**:آورده شدهٔ کیا صیغہ ہے؟ | **جواب** :واحد حاضر۔ |
| 4 | **سوال**: میں نے کہا ہے۔ اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب**:گفتہ ام۔ |
| 5 | **سوال**:آمرزیده شده اند کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** :وہ بخشے گئے ہیں۔ |
| 6 | **سوال**: وہ نوازے گئے ہیں اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب** :نواختہ شده اند۔ |
| 7 | **سوال**:خوانده اید کیا صیغہ ہے؟ مع معنی بتاؤ۔ | **جواب**:جمع حاضر۔**معنی**: تم نے پڑھا ہے۔ |
| 8 | **سوال**:ہم نے نہیں سنا ہے۔اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب** :نشنیده ایم |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| گریختہ اند | وہ بھاگے ہیں | آراستہ ام | میں نے سنوارا ہے |
| فرستادہ شدہ اید | تم بھیجے گئے ہو۔ | نہ پسندیدۂ | تو نے نہیں پسند کیا ہے |
| نہ خفتہ ام | میں نہیں سویا ہوں | بخشیدہ شدہ اند | وہ بخشے گئے ہیں |
| چشیدہ ایم | ہم نے چکھا ہے | ندادہ ایم | ہم نے نہیں دیا ہے |
| نرسیدۂ | تو نہیں پہونچا ہے | گفتہ اید | تم نے کہا ہے |
| نشناختہ شد | وہ نہیں پہچانا گیا | نشنیدہ است | اس نے نہیں سنا ہے |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| تم نے پہچانا ہے | شناختہ اید | تو نے نہیں دیا ہے | ندادۂ |
| میں نے نہیں بھیجا | نفرستادم | وہ پہچانے گئے ہیں | شناختہ شدہ اند |
| اس نے چکھا ہے | چشیدہ است | میں سویا ہوں | خفتہ ام |
| تو نہیں نوازا گیا | نواختہ شدی | تم دیئے گئے ہو | دادہ شدہ اید |
| ہم نے تعریف کی ہے | ستودہ ایم | وہ پہنچا ہے | رسیدہ است |
| انھوں نے سنا | شنیدند | ہم نہیں بھیجے گئے | نفرستادہ شدیم |

# سبق (٦) ماضی بعید کا بیان

**ماضی بعید:** وہ فعل ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے جیسے: پرورده بود: اس نے پالا تھا۔

## سوالات وجوابات

| جواب | سوال | شمار |
|---|---|---|
| **جواب:** ماضِی بعید وہ فعل ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ | **سوال:** ماضِی بعید کی تعریف کرو۔ | 1 |
| **جواب:** ماضِی مطلق کے آخر میں "ہ بود" بڑھا کر ماضِی بعید بناتے ہیں. جیسے : پرورد سے پروردہ بود۔ | **سوال:** ماضِی بعید کیسے بنائی جاتی ہے ؟ | 2 |
| **جواب :** واحد متکلّم۔ | **سوال :** گفتہ بودم کیا صیغہ ہے ؟ | 3 |
| **جواب :** نواختہ شدہ بودم۔ | **سوال :** میں نوازا گیا تھا۔اس کی فارسی بناؤ۔ | 4 |
| **جواب :** جمع حاضر۔ | **سوال :** ستودہ شدہ بودید کیا صیغہ ہے ؟ | 5 |
| **جواب :** تو نہیں پہنچا تھا۔ | **سوال:** نرسیدہ بودی کا ترجمہ کرو۔ | 6 |
| **جواب :** نگریختہ بودید۔ | **سوال:** تم نہیں بھاگے تھے۔ اس کی فارسی بناؤ۔ | 7 |
| **جواب:** صیغہ: جمع غائب۔ معنی: وہ لائے گئے تھے۔ | **سوال :** آوردہ شدہ بودند کیا صیغہ ہے ؟ مع معنی بتاؤ۔ | 8 |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| خندیدہ بودی | تو ہنسا تھا | فہمیدہ شد | وہ سمجھا گیا |
| سپردہ شدہ بودم | میں سونپا گیا تھا | سپردہ شدہ بودید | تم سونپے گئے تھے |
| نہ فہمیدہ اند | وہ نہیں سمجھے ہیں | درخشیدہ اند | وہ چمکے ہیں |
| پرسیدہ شدہ بودید | تم پوچھے گئے تھے | نخندیدہ بودیم | ہم نہیں ہنسے تھے |
| درخشیدۂ | تو چمکا ہے | اندوختہ بودم | میں نے جمع کیا تھا |
| اندوختہ بودم | میں نے جمع کیا تھا | پرسیدہ شدہ بودی | تو پوچھا گیا تھا |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| میں نے پہچانا تھا | شناختہ بودم | تم نے سونپا تھا | سپردہ بودید |
| وہ نہیں سمجھے تھے | نفہمیدہ بودند | انھوں نے تعریف کی تھی | ستودہ بودند |
| ہم نے نہیں بھیجا تھا | نفرستادہ بودیم | میں نے نہیں پسند کیا | نپسندیدم |
| تم نے جمع کیا ہے | اندوختہ اید | تو نے نوازا ہے | نواختۂ |
| وہ چمکا | درخشید | ہم نے لکھا تھا | نوشتہ بودیم |
| تو نہیں بھاگا | نگریختی | وہ نہیں دیا گیا | نداده شد |

# سبق (۷) ماضی استمراری کا بیان

**ماضی استمراری:** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جائے اس لیے اس کو ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں جیسے: می پرورد: وہ پالتا تھا۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
| --- | --- | --- |
| 1 | **سوال:** ماضی استمراری مجہول میں لفظ ''می'' کہاں داخل کرتے ہیں؟ | **جواب:** ماضی استمراری مجہول میں شد سے پہلے ''می'' داخل کرتے ہیں۔ |
| 2 | **سوال** : ماضی استمراری مجہول کی گردان بغیر معنی سناؤ؟ | **جواب** : پرورده می شد۔پرورده می شدند ۔ پرورده می شدی۔پرورده می شدید ۔پرورده می شدم۔پرورده می شدیم۔ |
| 3 | **سوال** : ماضی استمراری اور ماضی بعید میں کیا فرق ہے؟ | **جواب** : **ماضی استمراری** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جائے۔<br>اور **ماضی بعید** وہ فعل ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔<br>یا ماضی استمراری سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جاتا ہے جبکہ ماضی بعید سے دور کے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا پورا ہونا سمجھا جاتا ہے۔ |
| 4 | **سوال** : ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ بتاؤ۔ | **جواب** : ماضی مطلق کے پہلے می یا ہمی زیادہ کرکے ماضی استمراری بناتے ہیں۔ |
| 5 | **سوال** : می خفتی کیا صیغہ ہے؟معنی بتاؤ۔ | **جواب** : واحد حاضر کا صیغہ ہے۔معنی: تو سوتا تھا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 6 | **سوال**:ہم پہچانتے تھے۔اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب**:می شناختیم |
| 7 | **سوال**:شناخت سے ماضی استمراری معروف کی گردان کرو۔ | **جواب** :می شناخت۔می شناختند۔ می شناختی ۔ می شناختید ۔می شناختم ۔می شناختیم۔ |
| 8 | **سوال** : آمُرزیدہ می شدید کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** :تم بخشے جاتے تھے۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| می جَستی | توکودتا تھا | پرسیدہ می شدید | تم پوچھے جاتے تھے |
| پوئیدہ بودند | وہ دوڑے تھے | آوردہ نمی شدند | وہ نہیں لائے جاتے تھے |
| می رفتم | میں جاتا تھا | آمرزیدہ شدۂ | توبخشا گیا ہے |
| نمی آمدید | تم نہیں آتے تھے | نمی خندیدم | میں نہیں ہنستا تھا |
| می نشست | وہ بیٹھتا تھا | می پاشید | وہ چھڑکتا تھا |
| استادہ بودیم | ہم کھڑے ہوئے تھے | شناختہ نمی شدم | میں نہیں پہچانا جاتا تھا |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| ہم آئے تھے | آمدہ بودیم | اس نے چھڑکا ہے | پاشیدہ است |
| وہ بیٹھے تھے | نشستہ بودند | تم نے اٹھایا تھا | برداشتہ بودید |
| تم دوڑتے تھے | می پوئیدید | میں ملاتا تھا | می پیوستم |
| وہ نہیں کودتا تھا | نمی جست | تونہیں لایا تھا | نہ آوردہ بودی |

| می خواندیم | ہم پڑھتے تھے | شناختہ نمی شدی | تو نہیں پہچانا جاتا تھا |
|---|---|---|---|
| نمی نوشتند | وہ نہیں لکھتے تھے | رسیدہ بودم | میں پہونچا تھا |

# سبق (۸) ماضِی احتمالی کا بیان

**ماضِی احتمالی:** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کیے ہوئے کام کے اندر شک سمجھا جائے اس لیے اس کو ماضِی شکی بھی کہتے ہیں جیسے: پروردہ باشد: اس نے پالا ہوگا۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال** :ماضِی احتمالی کی تعریف کرو۔ | **جواب** :ماضِی احتمالی وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیے ہوئے کام کے اندر شک سمجھا جائے۔ |
| 2 | **سوال** : نشست سے ماضِی احتمالی مجہول کی گردان کرو۔ | **جواب** :نشستہ شدہ باشد۔ نشستہ شدہ باشند۔نشستہ شدہ باشی۔ نشستہ شدہ باشید۔ نشستہ شدہ باشم۔ نشستہ شدہ باشیم ۔ |
| 3 | **سوال**:استادہ باشندکیا صیغہ ہے؟مع معنی بتاؤ۔ | **جواب**:صیغہ:جمع غائب ۔ معنی : وہ کھڑے ہوں گے۔ |
| 4 | **سوال**:تم دیئے گئے ہوگے اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب** :دادہ شدہ باشید۔ |
| 5 | **سوال** : پرسیدہ شدہ باشی کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** :تو پوچھا گیا ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 6 | **سوال** : میں نے تعریف کی ہوگی اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب** : ستودہ باشم۔ |
| 7 | **سوال**: رفت سے جمع متکلّم ماضی احتمالی معروف کا صیغہ بناؤ۔ | **جواب** : رفتہ باشیم۔ |
| 8 | **سوال** : نگفتہ باشد کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** : اس نے نہیں کہا ہوگا۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| خریدہ باشید | تم نے خریدہ ہوگا | نشستہ باشند | وہ بیٹھے ہوں گے |
| فروختہ بودم | میں نے بیچا تھا | نرفتہ بودم | میں نہیں گیا تھا |
| طلبیدہ شدہ باشند | وہ بلائے گئے ہوں گے | ایستادہ اند | وہ کھڑے ہیں |
| آزاریدہ بودی | تونے ستایا تھا | آوردہ شدہ باشید | تم لائے گئے ہوں گے |
| می بُرید | وہ کاٹتا تھا | طلبیدہ شدہ بودیم | ہم بلائے گئے تھے |
| شستہ ایم | ہم نے دھویا ہے | نرسیدۂ | تونہیں پہونچا ہے |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| انھوں نے ستایا ہوگا | آزاریدہ باشند | میں بخشا گیا ہوں | بخشیدہ شدہ ام |
| تم بلائے گئے تھے | طلبیدہ شدہ بودید | وہ دیا گیا ہوگا | دادہ شدہ باشد |
| میں نے مول لیا ہے | خریدہ ام | تم پسند کیے گئے ہوگے | پسندیدہ شدہ باشید |
| اس نے بیچا ہوگا | فروختہ باشد | ہم تعریف کرتے تھے | می ستودیم |
| ہم نہیں ستاتے تھے | نمی آزاریدیم | تو نوازا گیا تھا | نواختہ شدہ بودی |

| تو نے اٹھایا تھا | برداشتہ بودی | وہ نہیں گئے ہو گے | نرفتہ باشند |
|---|---|---|---|

# سبق (۹) ماضیِ تمنائی کا بیان

**ماضیِ تمنائی:** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کی آرزو سمجھی جائے جیسے: پرورده باشد: کاش کہ وہ پالتا۔

## سوالات و جوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** ماضیِ تمنائی کس طرح بنائی جاتی ہے؟ | **جواب:** ماضیِ مطلق کے آخر میں "ے" زیادہ کرکے ماضیِ تمنائی بناتے ہیں. جیسے پرورد سے پروردے۔ |
| 2 | **سوال:** تین صیغوں میں "ے" کیوں نہیں آتی؟ | **جواب:** ان تین صیغوں میں یائے مجہول "ے" کا ادا کرنا دشوار ہے۔ |
| 3 | **سوال** : آورد سے ماضیِ تمنائی معروف کی گردان کرو۔ | **جواب** : آوردے۔ آوردندے۔ کاش کہ آوردی۔ کاش کہ آوردید۔ آوردمے۔ کاش کہ آوردیم۔ |
| 4 | **سوال** : بخشیدہ شدمے کیا صیغہ ہے؟ مع معنی بتاؤ۔ | **جواب** : واحد متکلّم کا صیغہ ہے. معنی : کاشکہ میں بخشا جاتا۔ |
| 5 | **سوال** : کیا اچھا ہوتا کہ تم پڑھتے اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب** : کاشکہ خواندید۔ |
| 6 | **سوال:** کاش کہ پسندیدہ شدی کیا صیغہ ہے؟ | **جواب** : واحد حاضر۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| 7 | **سوال:** کیا اچھا ہوتا کہ وہ تعریف کیے جاتے۔اس کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** :ستودہ شدندے۔ |
| 8 | **سوال** :ماضی احتمالی اور تمنائی میں کیا فرق ہے؟ | **جواب** :ماضی احتمالی وہ فعل ہے کہ جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیے ہوئے کام کے اندر شک سمجھا جائے .ماضی تمنائی وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کی آرزو سمجھی جائے۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| آموختمے | کاشکہ میں سیکھتا | پرسیدہ شدہ باشند | وہ پوچھے گئے ہوں گے |
| کاشکہ پرستیدید | کاشکہ تم پوجتے | پسندیدہ شدمے | کاشکہ میں پسند کیا جاتا |
| گماشتہ شدندے | کاشکہ وہ مقرر کیے جاتے | می آموختی | تو سیکھتا تھا |
| کاشکہ دیدیم | کاشکہ ہم دیکھتے | خواندہ بود | اس نے پڑھا تھا |
| فرستادہ شدے | کاشکہ وہ بھیجا جاتا | کاشکہ نوشتیم | کاشکہ ہم لکھتے |
| کاشکہ یافتی | کاشکہ تو پاتا | نہ طلبیدندے | کاشکہ وہ نہیں بلاتے |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|

| کیا اچھا ہوتا کہ ہم خریدتے | کاش کہ خریدیم | ہم نے پوچھا ہے | پرسیدہ ایم |
|---|---|---|---|
| انھوں نے نہیں بیچا ہوگا | نفروختہ باشند | کاش تم بلائے جاتے | کاشکہ طلبیدہ شدید |
| تم ستاتے تھے | می آزاریدید | وہ پسند کیا گیا تھا | پسندیدہ شدہ بود |
| کیا اچھا ہوتا کہ وہ بھیجتے | فرستادندے | میں گیا تھا | رفتہ بودم |
| اس نے بلایا تھا | طلبیدہ بود | کیا اچھا ہوتا کہ وہ لکھتے | نوشتندے |
| کیا اچھا ہوتا کہ تو آتا | کاشکہ آمدی | | |

# سبق (۱۰) مضارع کا بیان

**فعل مضارع:** وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجودہ یا آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے جیسے: وہ پالے، پالتا ہے، یا پالے گا۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** مضارع کی تعریف کرو۔ | **جواب:** فعل مضارع وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجودہ یا آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ |
| 2 | **سوال:** مضارع کی کیا پہچان ہے؟ پہلے زبر ہوتا ہے۔ | **جواب:** مضارع معروف بنانے کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں اتنا سمجھ لینا چاہیے کہ صیغہ واحد غائب کے آخر میں "د" ساکن اور اس سے |
| 3 | **سوال:** آورد سے مضارع کی گردان | **جواب:** آورد۔ آورند۔ آوری۔ آورید۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | سناؤ۔ | آورم، آوریم۔ |
| 4 | **سوال**: آوریم کا ترجمہ کرو۔ | **جواب**: ہم لائے۔ |
| 5 | **سوال** : مضارع معروف اور مجہول میں کیا فرق ہے؟ | **جواب** : مضارع معروف وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجودہ یا آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے اور اس کا فاعل معلوم ہو اور مجہول وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا ہونا سمجھا جائے لیکن اس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ |
| 6 | **سوال** : میں پالا جاؤں۔ اسکی فارسی بناؤ۔ | **جواب** : پرورده شوم۔ |
| 7 | **سوال** : آوردید کیا صیغہ ہے؟ | **جواب** : جمع حاضر۔ |
| 8 | **سوال** : پرورده شوند کا ترجمہ کرو۔ | **جواب** : وہ پالے جائیں۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| بخشیده شوی | تو بخشا جائے | خورند | وہ کھائیں |
| نخورید | تم نہیں کھاؤ | بخشیده شویم | ہم بخشے جائیں |
| نویسیم | ہم لکھیں | نہ نوشند | وہ نہیں پیئے |
| خوانی | تو پڑھے | گویم | میں کہوں |
| گفتہ شوند | وہ کہے جائیں | نوشتہ شوی | تو لکھا جائے |
| نوشید | تم پیو | آورد | وہ لائے |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| وہ بخشے جائیں | بخشیدہ شوند | وہ کھڑا کیا جائے | ایستانیدہ شود |
| میں پڑھوں | خوانم | ہم نہ کہیں | نہ گوئیم |
| تم لکھو | نویسید | تم کھاؤ | خورید |
| وہ نہ ستایا جائے | نہ آزاریدہ شود | وہ پییں | نوشند |
| ہم بلائے جائیں | طلبیدہ شویم | میں نہ پہچانا جاؤں | نہ شناختہ شوم |
| تولائے | آوری | وہ بخشیں | بخشند |

# سبق (۱۱) حال کا بیان

**فعل حال:** وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجودہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے جیسے: پالتا ہے۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** حال مجہول بنانے کا قاعدہ بتاؤ۔ | **جواب:** حال مجہول میں شود سے پہلے می یا ہمی لگاتے ہیں۔ جیسے، پرورده می شود۔ |
| 2 | **سوال:** آورد سے حال معروف کی گردان سناؤ۔ | **جواب:** می آورد۔ می آورند۔ می آوری۔ می آورید۔ می آورم۔ می آوریم۔ |
| 3 | **سوال:** آوردہ می شوند کا ترجمہ کرو۔ | **جواب:** وہ لائے جاتے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | **سوال:** تم پالتے ہو اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب:** می پرورید۔ |
| 5 | **سوال:** ہمی پروریم کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ۔ | **جواب:** صیغہ: جمع متکلّم. معنی: ہم پالتے ہیں۔ |
| 6 | **سوال:** میں پالا جاتا ہوں اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب:** پرورده می شوم۔ |
| 7 | **سوال:** طلبیدن سے حال مجہول کی گردان کرو۔؟ | **جواب:** طلبیده می شود۔ طلبیده می شوند۔ طلبیده می شوی۔ طلبیده می شوید۔ طلبیده می شوم۔ طلبیده می شویم۔ |
| 8 | **سوال:** می گوئی کیا صیغہ ہے ؟ | **جواب:** واحد حاضر۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| می گویم | میں کہتا ہوں | آزاریده می شوید | تم ستائے جاتے ہو |
| پرورده می شوند | وہ پالے جاتے ہیں | می پروری | تو پالتا ہے |
| نمی خواند | وہ نہیں پڑھتا ہے | بخشیده می شوم | میں بخشا جاتا ہوں |
| طلبیده می شوید | تم بلائے جاتے ہو | نمی نوشند | وہ نہیں پیتے ہیں |
| نمی خوریم | ہم نہیں کھاتے ہیں | شناختہ نمی شود | وہ نہیں پہچانا جاتا ہے |
| می نوشی | تو پیتا ہے | ـ | ـ |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|

| وہ پڑھتا ہے | می خواند | تو کہتا ہے | می گوئی |
| --- | --- | --- | --- |
| تو پالا جاتا ہے | پرورده می شوی | وہ بخشے جاتے ہیں | بخشیده می شوند |
| میں نہیں پیتا ہوں | نمی نوشم | میں لکھتا ہوں | می نویسم |
| تم کھاتے ہو | می خُورید | تم نہیں بلائے جاتے ہو | طلبیده نمی شوید |
| ہم نہیں ستائے جاتے ہیں | آزاریده نمی شویم | ۔ | ۔ |

# سبق (۱۲) مستقبل کا بیان

**فعل مستقبل:** وہ فعل ہے جس سے زمانہ آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے جیسے: پالے گا۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
| --- | --- | --- |
| 1 | **سوال:** فعل مستقبل کی تعریف کرو۔ | **جواب:** فعل مستقبل وہ فعل ہے جس سے زمانہ آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ |
| 2 | **سوال:** مستقبل مجہول میں "لفظ خواہد" کہاں آتا ہے؟ | **جواب:** پرورد کے بعد اور شد سے پہلے لفظ خواہد آتا ہے۔ |
| 3 | **سوال:** صیغوں کی علامتیں کس جگہ داخل کی جاتی ہیں؟ | **جواب:** لفظ خواہد میں داخل کی جاتی ہیں۔ |
| 4 | **سوال:** گفت سے مستقبل معروف کی گردان سناؤ۔ | **جواب:** خواہد گفت ۔ خواہند گفت ۔ خواہی گفت ۔ خواہید گفت ۔ خواہم گفت ۔ خواہیم گفت ۔ |
| 5 | **سوال:** خواہیم آورد کیا صیغہ ہے؟ | **جواب:** جمع متکلّم۔ |
| 6 | **سوال:** خواہید رفت کا ترجمہ کرو۔ | **جواب:** تم جاؤ گے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | **سوال:** پرسید سے مستقبل مجہول کی گردان کرو۔ | **جواب:** پرسیدہ خواہد شد۔ پرسیدہ خواہند شد۔ پرسیدہ خواہی شد۔ پرسیدہ خواہید شد۔ پرسیدہ خواہم شد۔ پرسیدہ خواہیم شد۔ |
| 8 | **سوال:** سپردہ خواہی شد کیا صیغہ ہے؟ مع معنی بتاؤ۔ | **جواب:** صیغہ: واحد حاضر۔ **معنی:** تو سونپا جائے گا۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| خواہیم آمد | ہم آئیں گے | رسیدہ خواہد شد | وہ پہنچایا جائے گا |
| خواہید رفت | تم جاؤ گے | خواہند پاشید | وہ چھڑکیں گے |
| طلبیدہ خواہند شد | وہ بلائے جائیں گے | آمرزیدہ خواہید شد | تم بخشے جاؤ گے |
| نخواہی گفت | تو نہیں کہے گا | خواہم آورد | میں لاؤں گا |
| بخشیدہ خواہم شد | میں بخشا جاؤں گا | نخواہی آمد | تو نہیں آئے گا |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| وہ لکھے گا | خواہد نوشت | تو پیے گا | خواہی نوشید |
| میں پڑھوں گا | خواہم خواند | وہ پسند نہیں کیے جائیں گے | پسندیدہ نخواہند شد |
| تم بلائے جاؤ گے | طلبیدہ خواہید شد | تم نوازو گے | خواہید نواخت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہم لائیں گے | خواہیم آورد | ہم نہیں ستائیں گے | نخواہیم آزارید |
| وہ نہیں کھائیں گے | نخواہند خورد | وہ تعریف کیا جائے گا | ستودہ خواہد شد |

# سبق (۱۳) امر کا بیان

**فعل امر:** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا حکم دیا جائے جیسے: تو پال۔

## سوالات وجوابات

| شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | **سوال:** امر کس طرح بناتے ہیں؟ | **جواب:** مضارع سے پہلے . ب . داخل کر کے امر بناتے ہیں۔ اور واحد حاضر کے صیغے سے ''ی'' دور کر دیتے ہیں۔ |
| 2 | **سوال:** امر غائب اور حاضر میں کیا فرق ہے؟ | **جواب:** امر غائب میں پرورد سے پہلے ''باید کہ'' لگاتے ہیں اور حاضر کے صیغوں میں صرف ''ب'' لگاتے ہیں۔ |
| 3 | **سوال:** امر کی '' باء ''کو کہاں پیش اور کہاں زبر پڑھتے ہیں؟ | **جواب:** فعل پر جب با داخل ہو تو پہلا حرف دیکھیں اگر اس پر پیش ہو تو ''ب'' کو بھی پیش پڑھیں ورنہ زیر اور جب ''ب'' اسم پر آئے تو ہمیشہ زبر پڑھیں۔ |
| 4 | **سوال:** اسم پر جو ''ب'' آتی ہے اسے کیا پڑھتے ہیں؟ | **جواب:** اسم پر جو ''ب'' آتی ہے تو ہمیشہ زَبر پر ھتے ہیں۔ |
| 5 | **سوال:** باید کہ آوردہ شوند کیا صیغہ ہے مع | **جواب:** جمع غائب کا صیغہ ہے، معنی: چاہیے کہ وہ لائے جائیں۔ . |

| | | |
|---|---|---|
| | معنی بتاؤ۔ | |
| 6 | **سوال :** چاہیے کہ وہ بلائے جائیں اس کی فارسی بناؤ۔؟ | **جواب:** باید کہ طلبیدہ شوند۔ |
| 7 | **سوال:** بنویس کیا صیغہ ہے؟ ترجمہ کرو۔ | **جواب:** صیغہ واحد حاضر۔ تو لکھ |
| 8 | **سوال:** تو پہچانا جا اس کی فارسی بناؤ۔ | **جواب:** شناختہ شو۔ |

## اردو میں ترجمہ کرو

| فارسی | اردو | فارسی | اردو |
|---|---|---|---|
| باید کہ خوانند | چاہیے کہ وہ پڑھیں | بجنش | تو بخش |
| بنویسید | تم لکھو | باید کہ آمرزیدہ شود | چاہیے کہ وہ بخشا جائے |
| باید کہ شناختہ شوم | چاہیے کہ میں پہچانا جاؤں | بگوئید | تم کہو |
| بنوش | تو پی | باید کہ خوانیم | چاہیے کہ ہم پڑھیں |
| باید کہ خوریم | چاہیے کہ ہم کھائیں | باید کہ پسندیدہ شوند | چاہیے کہ وہ پسند کیے جائیں |
| باید کہ طلبیدہ شوند | چاہیے کہ وہ بلائے جائیں | بپرور | تو پال |

## فارسی بناؤ

| اردو | فارسی | اردو | فارسی |
|---|---|---|---|
| تم کھاؤ | بخورید | چاہیے کہ تم بھیجے جاؤ | باید کہ فرستادہ شوید |
| چاہیے کہ ہم پیئیں | باید کہ نوشیم | چاہیے کہ میں کہوں | باید کہ گویم |
| چاہیے کہ وہ تعریف کیا جائے | باید کہ ستودہ شود | چاہیے کہ وہ مقرر کیا جائے | باید کہ گماشتہ شود |
| تو پڑھ | بخواں | تم بخشو | ببخشید |
| چاہیے کہ وہ لکھیں | باید کہ نویسند | چاہیے کہ ہم پوچھے جائیں | باید کہ پرسیدہ شویم |

